انڈیا INS INDIA
WORLD'S NO-1-URDU NEWS AGENCY

شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سیکرٹری جنرل کا دورۂ ہند

25/فروری، 2014

1. شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سیکرٹری جنرل عزت مآب مسٹر دمتری فیڈوروووچ میچینٹسو نے سیکرٹری خارجہ محترمہ سجاتا سنگھ کی دعوت پر 24-23 فروری، 2014 کو نئی دہلی کا دورہ کیا۔ سیکرٹری جنرل کے ساتھ بیجنگ میں واقع ایس سی او سیکرٹریٹ کے لئے ماہرین کا ایک وفد بھی آیا تھا۔

ہندوستان سال 2005 سے ایس سی او کی ایسی ملاقاتوں/سرگرمیوں میں گرمجوشی سے حصہ لیتا رہا ہے جو مبصرین کے لئے کھلی ہیں۔ سیکرٹری جنرل کے اس دورے سے ہندوستان اور ایس سی او کے درمیان ادارہ جاتی تعلقات اور مضبوط ہوئے ہیں۔ دورے کے دوران سیکرٹری جنرل نے تنظیم کے ساتھ ہندوستان کے موجودہ اور ممکنہ تعاون کی مختلف جہتوں پر سیکرٹری خارجہ کے ساتھ وسیع غور وخوض کیا۔ ہندوستان نے ایس سی او میں بڑا، وسیع اور تخلیقی کردار ادا کرنے کے لئے اپنی دلچسپی کو دہرایا۔ مذاکرات کے دوران مشترکہ اور معاصر اہمیت کے علاقائی مسائل پر بھی بحث ہوئی، جیسے کہ علاقے میں دہشت گردی اور افغانستان میں ابھرتی صورتحال کے تناظر میں غیر قانونی کاروبار سے نمٹنا۔

I-91, Lubna House, Batla House, Jamia Nagar New Delhi-110025, Ph:26982149,26985681

صلاح ومشورہ کے بعد عزت مآب مسٹر دمتری فیڈوروویچ مجینٹسو نے معزز وزیر خارجہ جناب سلمان خورشید سے ملاقات کی۔ مسٹر مجینٹسو نے انسٹی ٹیوٹ آف ڈفینس اینڈ اینالیسس (آئی ڈی ایس اے) میں بھی تفصیلی بات چیت کی جہاں انہوں نے اسکالرز اور تھنک ٹینک کے نمائندوں کے ساتھ خیالات کا تبادلہ کیا۔

نئی دہلی،

25فروری،2014

I-91, Lubna House, Batla House, Jamia Nagar New Delhi-110025, Ph:26982149,26985681